
قرآن سب کے لیے، ہر دل میں، ہر ہاتھ میں

# الھدٰی نیوز لیٹر

مئی تا اگست 2019ء، رمضان تا ذوالحجہ 1440ھ | شمارہ 11

قرآن وسنت کی تعلیم اور معاشرتی فلاح و بہبود کی سرگرمیوں کے ذریعے انسانیت کی خدمت جو کہ دنیا میں امن اور آخرت میں کامیابی حاصل کرنے کا باعث ہے

اخلاص | امانت وصداقت | صبر واستقامت | خیرخواہی | لگن | نظم وضبط | عزت واحترام




اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ’’اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ سے ڈرو اور چاہیے کہ ہر شخص دیکھے کہ اس نے کل کے لیے کیا آگے بھیجا ہے اور اللہ سے ڈرو، یقیناً اللہ تعالیٰ خوب باخبر ہے اس سے جو تم عمل کرتے ہو‘‘۔ [الحشر: 18]

اسلامی کیلنڈر کے مطابق نیا ہجری سال شروع ہونے کو ہے۔ ہر گزرتے سال کے ساتھ زندگی کی مہلت تیزی سے کم ہو رہی ہے اور ہم سب بہت جلد اپنے رب کے سامنے حاضر ہونے والے ہیں۔ ابن القیمؒ کہتے ہیں: ’’دنیا میں سب سے منافع بخش چیز یہ ہے کہ تم اپنے آپ کو ہر وقت اس کام میں مشغول رکھو جو تمہارے لیے سب سے بہتر اور آخرت کے اعتبار سے سب سے زیادہ مفید ہو‘‘۔ انسانی نفسیات بھی یہی ہے کہ کم سے کم مدت میں زیادہ نفع کمایا جائے اور ایسا کرنے والے ہی کامیاب بزنس مین کہلاتے ہیں۔ ابن الجوزیؒ کہتے ہیں: ’’عقل مند وہ ہے جو ہر لمحہ کا ویسا ہی حق ادا کرتا ہے جیسا کہ اس پر واجب ہے پھر اگر اچانک موت آ پہنچے تو وہ اس کے لیے تیار ہوتا ہے اور اگر وہ زندگی کی مہلت پائے تو وہ اس کے لیے خیر میں ہی اضافہ کرتی ہے‘‘۔ اس کا سب سے بہترین اور آسان فارمولا اَلْقَلْبُ مُتَوَجِّهٌ اِلَى اللّٰه ہے یعنی انسان کا دل ہمہ وقت اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ رہے، اگرچہ وہ دنیاوی امور میں ہی مشغول کیوں نہ ہو۔ لہٰذا ہمیں مسلسل اپنا محاسبہ کرتے رہنا چاہیے کہ ہم اپنی زندگی کے قیمتی لمحات کن کاموں میں صرف کر رہے ہیں۔ ہر کام میں نیت آخرت میں اجر پانے کی ہو۔

آیئے! اپنا جائزہ لیں کہ کیا واقعی ہم اپنے نفس کو ایسے کاموں میں مشغول رکھتے ہیں جو نہ صرف دنیا بلکہ آخرت کے اعتبار سے بھی فائدہ مند ہوں؟

ڈاکٹر فرحت ہاشمی

معزز قارئین کرام! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمدللہ! نیا شمارہ پیش خدمت ہے۔ آپ کو باخبر رکھنے کے لیے ہم بذریعہ نیوز لیٹر چار ماہ میں ہونے والی علمی سرگرمیوں اور فلاح و بہبود کی مختصر جھلکیاں پیش کرتے ہیں۔ امید ہے اس شمارے میں آپ کو بہت سی ایمان افروز اور مفید باتیں جاننے کا موقع ملے گا اور معلومات میں اضافہ ہوگا۔ ان شاءاللہ۔ آپ کو یہ جان کر خوشی ہوگی کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے کرم، استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی کی راہ نمائی اور آپ سب کے تعاون سے الھدٰی قرآن کو ہر ہاتھ اور ہر دل تک پہنچانے میں جو محنت اور کوشش کر رہا ہے اس کے ثمرات سے شہر شہر اور گاؤں گاؤں میں بے شمار لوگ فیض یاب ہو رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کو اپنے حفظ و امان میں رکھے اور اس ادارے اور اس کی روحِ رواں استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی کو انسانیت کی بہتری کا ذریعہ بنائے۔ آمین۔

طاہرہ خان

## اہم خبریں

### عیدالاضحیٰ کے موقع پر اجتماعی قربانی

اس سال بھی الھدٰی کے تحت اجتماعی قربانی کا اہتمام کیا گیا۔ مختلف ریجنز میں الھدٰی کی برانچز کے زیرِ اہتمام تقریباً ایک لاکھ سے زائد مستحق افراد میں گوشت تقسیم کر کے انہیں عید کی خوشیوں میں شریک کیا گیا۔ (تفصیلات آخری صفحہ پر)

### سسٹر تیمیہ زبیر کے مفید علمی سیشنز

پاکستان میں اپنے مختصر دورے کے دوران سسٹر تیمیہ زبیر نے کراچی، لاہور اور اسلام آباد میں نوجوان نسل کی راہ نمائی کے لیے مفید علمی سیشنز لیے جن میں شرکا کی مجموعی تعداد تقریباً 2,000 رہی۔ انہوں نے الھدٰی انسٹی ٹیوٹ اسلام آباد اور الھدٰی انسٹی ٹیوٹ ڈیفنس کراچی میں کتاب ’’فضائل قرآن‘‘ پُر اثر انداز میں پڑھائی۔ ایک اور سیشن نوجوان لڑکیوں اور لڑکوں کے لیے رکھا گیا جس میں 240 لڑکیوں اور 68 لڑکوں نے شرکت کی۔ اس کے علاوہ الھدٰی برانچ گلبرگ لاہور اور AIS اسلام آباد میں صحیح البخاری کی حدیث کی روشنی میں اسوۂ رسول ﷺ کو بیان کیا اور نوجوانوں کو عام فہم مثالوں کے ذریعے اسے اپنانے کی ترغیب بھی دی۔

### سسٹر لورین بوتھ کی الھدٰی اسلام آباد آمد

2 مئی 2019 کو سسٹر لورین بوتھ نے الھدٰی اسلام آباد مین کیمپس کا وزٹ کیا اور اساتذہ و طالبات سے اپنے قبول اسلام کا واقعہ دلچسپ انداز میں بیان کیا۔ انہیں اسلام کی طرف مائل کرنے والی سب سے اہم چیز مسلمانوں کا اخلاق اور رحم دلی تھی۔ لورین بوتھ نے 2010 میں اسلام قبول کیا تھا۔ وہ ایک مشہور صحافی ہیں اور یو کے کے سابق وزیر اعظم ٹونی بلیئر ان کے برادرِ نسبتی ہیں۔



# علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یارب

## اسلام آباد میں کانووکیشن تقریب

الھدیٰ انسٹی ٹیوٹ اسلام آباد کا اکیسواں کانووکیشن 31 جولائی 2019 کو منعقد ہوا۔اس موقع پر فارغ التحصیل طالبات نے قرآن کریم کا علم پانے کے بعد اپنی زندگی میں آنے والی مثبت تبدیلیوں کے بارے میں اپنے تأثرات کا اظہار کیا۔ کچھ طالبات نے اپنے تأثرات کو نظمیہ انداز میں پیش کیا۔تقریب کے اختتام پر استاذہ محترمہ نے طالبات کو عمدہ نصیحتیں کیں اور امام حسن البنّا کی دس نصیحتیں اور ان سے حاصل ہونے والے اسباق بہت مؤثر طریقے سے پڑھائے۔

## اللغةالعربية کورس کا آغاز

8 جولائی 2019 سے الھدیٰ اسلام آباد میں دو ماہ کے دورانیہ کا عربی زبان دانی کورس شروع ہوا جس کا مقصد عربی زبان کو سمجھنا اور عربی بول چال میں مہارت حاصل کرنا ہے۔اس کورس میں دو کتب ''قصص النبيين ''اور ''دروس اللغة العربيه ''پڑھائی جاتی ہیں۔مزید برآں سمعی و بصری معاونت کے ذریعے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ اور عربی لہجے کی درستگی بھی کروائی جاتی ہے۔ اس کورس کی انچارج خدیجہ مسعود ہیں، کلاس میں صرف عربی زبان میں بات کی جاتی ہے۔

## قرآن سب کے لیے، ہر دل میں، ہر ہاتھ میں

الھدیٰ انٹرنیشنل اپنے وژن کو پورا کرنے کے لیے نہ صرف اندرون ملک بلکہ بیرون ملک بھی مختلف قرآن کورسز کا اہتمام کرتا ہے۔گزشتہ چار ماہ میں مندرجہ ذیل مقامات سے طالبات نے قرآن کورسز میں داخلہ لیا:

- سوشل میڈیا کے ذریعے کورسز میں نائیجیریا کے شہروں، کانو، ابوجہ اور لگوس میں فہم القرآن کورسز شروع کیے گئے۔
- مصر میں تعلیم دین کورس کا آغاز ہوا۔
- خط اور کتابت کے ذریعے کروائے جانے والے کورسز میں برونائی دارالسلام، یوگنڈا اور ملائیشیا سے طالبات نے داخلہ لیا۔
- یو کے، لیڈز (leeds) میں فہم القرآن اور صوت القرآن کلاس کورجسٹر کیا گیا۔

## برس بینز آسٹریلیا میں قرآن کورس کی تکمیل

28 جولائی 2019 کو الھدیٰ برس بینز میں قرآن کورس کی تکمیل کے موقعے پر ایک تقریب منعقد ہوئی جس میں تقریباً 56 طالبات نے شرکت کی۔ کورسز میں فہم القرآن اور مختلف شارٹ کورسز شامل تھے۔اس موقع پر فارغ التحصیل طالبات کے علاوہ دوسری طالبات نے بھی قرآن مجید کے ساتھ اپنے سفر کے بارے میں تأثرات پیش کیے۔مزید برآں سمر کورس کے بچوں نے اس موقع پر خوبصورت نشید پیش کی۔

## چوپال، مردان میں علم کی کرنیں

الھدیٰ معاشرے سے جہالت کو دور کرنے اور خصوصاً دور دراز کے پس ماندہ علاقوں میں علم کی روشنی کو پھیلانے کے لیے کوشاں ہے۔ ''روشنی کا سفر'' کے نام سے چوپال الھدیٰ مردان میں ناخواندہ بچیاں اور خواتین نہ صرف چھٹی جماعت میں پڑھائی جانے والی اردو کی کتاب بسہولت پڑھ سکتی ہیں بلکہ ان کو مختلف مواقع پر پڑھی جانے والی مسنون دعائیں بھی یاد ہیں۔ چند طالبات نے سورۃ الملک بھی حفظ کی ہے۔یہی طالبات علم کے نور سے منور ہو کر اپنے خاندان اور معاشرے کے ناخواندہ افراد کے لیے علم کا چراغ ثابت ہوں گی۔ان شاءاللہ

## کراچی میں لڑکوں کا سمر کورس

گرمی کی چھٹیوں کو بہترین طور پر گزارنے کے لیے الھدیٰ کے تحت مختلف ریجنز میں سمر کورسز کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ڈیفنس انسٹی ٹیوٹ DHA کراچی میں جوہر برانچ اور طارق روڈ برانچ میں لڑکوں کے لیے سمر کورس کا انعقاد کیا گیا۔یہ کورسز الھدیٰ انسٹی ٹیوٹ فار مین (AIM) کے فارغ التحصیل طلبا نے کروائے۔کورسز میں مجموعی طور پر شرکاء کی تعداد 132 رہی۔ کورس کے اختتام پر ڈائریکٹر AIS عاطف اقبال صاحب نے سوشل میڈیا کے حوالے سے درپیش چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے موضوع پر انتہائی مفید سیشن لیا جس میں تقریباً 150 طلبا نے شرکت کی۔



## حج ٹریننگ ورکشاپس

الھدیٰ کے تحت ہر سال حج پر جانے والوں کے لیے مسنون طریقہ حج اور اس سے متعلقہ دیگر معلومات کی فراہمی کے لیے ورکشاپس کا انعقاد کیا جاتا ہے۔اسلام آباد، راولپنڈی، کراچی، حیدرآباد، لاہور، پشاور، ملتان اور دیگر ریجنز میں ان ورکشاپس میں لوگ شوق سے شرکت کرتے ہیں۔اس موقع پر الھدیٰ کی تیار کردہ مطبوعات سٹالز پر مہیا کی جاتی ہیں۔ الھدیٰ کو اس سال حاجی کیمپ کراچی میں ''تربیت حجاج'' پروگرام کروانے کا موقع ملا جن میں روزانہ تقریباً ایک ہزار مرد و خواتین نے شرکت کی۔اس موقع پر الھدیٰ کی طرف سے زائرین میں قرآنی و مسنون دعاؤں کی کتابیں مفت تقسیم کی گئیں۔حاجی کیمپ انتظامیہ کی طرف سے اس تربیتی پروگرام کے لیے باقاعدہ ایک کمرہ مہیا کیا گیا تھا۔

## قدرتی غذاؤں سے حفظان صحت اور علاج

4 مئی کو الھدیٰ انسٹی ٹیوٹ اسلام آباد میں ڈاکٹر ہیسلینا نے طب نبوی ﷺ سے متعلق اپنے وسیع علم اور تجربہ کی روشنی میں طالبات کی بہترین راہ نمائی کی اور صحت کے مسائل کے علاوہ ان کے سوالات کے جوابات بھی دیے۔سیشن کے اہم نکات یہ تھے:

- اپنے دن کا آغاز شہد کے استعمال سے کریں کیونکہ یہ بہترین پرہیز اور بے شمار امراض کا علاج ہے۔
- ہمارے ہاتھ اور پاؤں میں تمام اعضاءِ جسم کے کچھ پریشر پوائنٹس ہوتے ہیں جن کا مساج کرنے سے ہم متعلقہ عضو کا علاج بغیر دوا کے کر سکتے ہیں۔ یہ طریقہ علاج آکیوپریشر کہلاتا ہے۔

9 جولائی کو الھدیٰ انسٹی ٹیوٹ اسلام آباد میں حکیم فیصل ذکی صاحب ڈائریکٹر ہمدرد بورڈ آف سٹڈیز نے طالبات و اساتذہ کو قدرتی غذاؤں سے علاج اور حفظانِ صحت کے اصولوں سے متعلق آگاہی فراہم کی۔انہوں نے روزمرہ استعمال کی اشیاء مثلاً ادرک، دارچینی، ہلدی وغیرہ کو حفظ ماتقدم اور بیماری کی صورت میں بطورِ علاج استعمال کرنے کا طریقہ بتایا۔

## کاروان علم ہے رواں دواں

ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کا صحیح البخاری سے ''کتاب الادب'' اور فقه القلوب سے باب ''القضاو القدر'' پر مبنی دروس کا سلسلہ جاری ہے جن سے طالبات بھرپور استفادہ کرتی ہیں۔حال ہی میں انہوں نے کراچی اور لاہور کا دورہ کیا اور وہاں درج ذیل مقامات پر طالبات کو علم کی روشنی سے منور کیا۔

**کراچی: صحیح البخاری**

- 17 اگست 2019، E-80/1، بلاک 7 نزد بحریہ فاؤنڈیشن کالج
- 19 اگست 2019 F-10/2، بلاک B نزد جنریشن سکول نارتھ ناظم آباد
- 19 اگست 2019 F-10/2، بلاک B نزد جنریشن سکول نارتھ ناظم آباد
- 20 اگست اور 21 اگست 2019، خواتین کلب G-147 خالد بن ولید روڈ
- 22 اگست E-7 رفاعِ عام ملیر نزد ایجوکیٹر سکول
- 26 تا 29 اگست 2019 الھدیٰ DHA انسٹی ٹیوٹ خیابانِ سحر

**کراچی: فقه القلوب:** 23 اور 30 اگست، الھدیٰ DHA انسٹی ٹیوٹ خیابانِ سحر کراچی

**لاہور:** 31 اگست تا 3 ستمبر 2019: سو احادیث (بخاری سے انتخاب) پر مبنی کورس، لبرٹی کاسل نزد مین بلیوارڈ، گلبرگ 3 لاہور

# سٹوڈنٹ کارنر

## الھدیٰ تیرا شکریہ

یہ جوزندگی کی کتاب ہے　　آخرت کا یہ نصاب ہے
تھی طاقچوں میں سجی ہوئی　　غبار سے کہیں اٹی ہوئی
مردوں پہ کبھی یہ پڑھی گئی　　دلہن پہ سایہ فگن ہوئی
مرے رب کا یہ کلام ہے　　حاصل اس کو دوام ہے
میں اس سے بے خبر رہی　　جو کلام میرے ہی نام ہے
مرے ہاتھ میں یہ تھما دیا　　مرے رب سے مجھے ملا دیا
اے الھدیٰ! تیرا شکریہ
مجھے قرآں سے آشنا کیا

میں واہموں میں تھی گھری　　سیدھی راہ سے بھٹکی ہوئی
نہ سوز میری دعا میں تھا　　نہ جذبہ مجھ میں وفا کا تھا
نبی کے یاد نہ روز و شب　　نماز میری بھی تھی عجب
نہ سرور میں تھیں تلاوتیں　　نہ سجود میں تھیں حلاوتیں
میرا درد کتنا تھا لا دوا　　نہ اسے ملی تھی کہیں دوا
رب کے حضور میں مجھے　　گُر سجدے کا یوں سکھا دیا
اے الھدیٰ! تیرا شکریہ
اب نماز میں خشوع آ گیا

غفلت میں تھی پڑی ہوئی　　میں پستیوں میں گھری ہوئی
میں خواہشوں کی اسیر تھی　　ہر خواب کی نئی تعبیر تھی
موت کا خوف مرے چار سو　　قبر کی نگاہ میں تصویر تھی
آخرت میں ہوگا کیا؟　　یہ سوچ اب دامن گیر ہوئی
ہے رب کی دید کی آرزو　　میرا شوق دار السلام ہے
باطل سے دامن چھوٹ گیا　　لب پہ بس وہی نام ہے
اے الھدیٰ! تیرا شکریہ
مجھے جینا مرنا سکھا دیا

اے رب! توفیق دے　　یہ مشن آگے بڑھا سکوں
جو ملا ہے وہ لوٹا سکوں　　پڑھا ہے جو پڑھا سکوں
ہر ہاتھ میں اب قرآن ہو　　ہر دل میں یہ فرقان ہو
زیست کا یہ معیار بنے　　اور یہی ہمارا میزان ہو
صد شکر اے سمیع الدعا　　ہدایت کا رستہ مجھے دیا
اے الھدیٰ! تیرا شکریہ
مجھے رب کا پتہ بتا دیا

عابدہ نواز

## تبصرۂ کتاب

### کھانے پینے کے آداب

یہ ایک مفید کتاب ہے۔اس کتاب کو مرتب کرنے کا مقصد روزمرّہ زندگی میں کھانے پینے کے عمل کو بھی عبادت بنانا ہے۔کھانا پینا ایک ایسا عمل ہے جس کے بغیر ہماری زندگی کی بقا ناممکن ہے۔ ہماری آمدن اور وقت کا بڑا حصہ کھانے پینے میں ہی صرف ہوتا ہے۔اس کتابچہ میں کھانے پینے اور مہمان نوازی کے آداب، اس پر ملنے والے اجر، حلال غذاؤں کے فوائد اور حرام غذاؤں کے نقصانات کے علاوہ نبی کریم ﷺ کے کھانے پینے کی عادات کا بھی تفصیلی ذکر کیا گیا ہے۔کتاب کے آخر میں 43 نکات پر مشتمل کھانے پینے کے آداب کی چیک لسٹ بھی شامل کی گئی ہے جو ان آداب کو اپنانے میں بہت معاون ثابت ہوگی۔ان شاءاللہ

### مومن کی حرمت

عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے، انہوں نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو کعبہ کا طواف کرتے ہوئے دیکھا۔آپ ﷺ فرما رہے تھے "تو کتنا پاکیزہ ہے اور تیری خوشبو کتنی پاکیزہ ہے تو کس قدر عظیم ہے۔تیرا احترام کتنا عظیم ہے۔قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں محمد ﷺ کی جان ہے! اللہ کے ہاں مومن کی حرمت تیری حرمت سے بڑھ کر ہے، یعنی اس کے مال اور جان کی حرمت، اور یہ کہ اس کے بارے میں بدگمانی کرنا بھی حرام ہے"۔

[سنن ابن ماجہ:3932]

## تقویٰ کے ثمرات




# خدمتِ خلق

Al-Huda Cares!

## عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی

اس سال بھی الہدیٰ کے تحت اجتماعی قربانی کا اہتمام کیا گیا۔ مختلف ریجنز میں الہدیٰ کی برانچز کے زیرِ اہتمام تقریباً ایک لاکھ سے زائد مستحق افراد میں گوشت تقسیم کر کے انہیں عید کی خوشیوں میں شریک کیا گیا۔

### مختلف ریجنز میں قربانی کے جانوروں کی تعداد




## فراہمی آب

الہدیٰ کے تحت گزشتہ چار ماہ میں مہر آبادی سیکٹر G-12 اسلام آباد، خیبر پختون خواہ کے علاقوں جانی خیل اور شاہ خاص خیبر ایجنسی، ایبٹ آباد کے گاؤں گھمبیر سلیک، مانسہرہ کے گاؤں خواری اور افضل آباد ڈریڈ بینگوئی، مری کے گاؤں پٹیری میں واٹر پمپس کے ذریعے تقریباً چار ہزار افراد کے لیے صاف پانی کی فراہمی کا اہتمام کیا گیا۔



## تقسیمِ رمضان راشن 2019

الہدیٰ رمضان المبارک میں مستحق افراد کے لیے راشن کی فراہمی کا اہتمام کرتا ہے تاکہ وہ اس اہم عبادت کی ادائیگی پرسکون طریقے سے کر سکیں۔ اس سال اسلام آباد، راولپنڈی، خیبر پختونخواہ، مری، آزاد کشمیر، مانسہرہ، لاہور، ملتان، کراچی، اندرونِ سندھ اور کوئٹہ کے علاقوں میں تقریباً گیارہ سو مستحق افراد میں راشن تقسیم کیا گیا۔

### بینک تفصیلات

اکاؤنٹ ٹائٹل: الہدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن
اکاؤنٹ نمبر: 200126818
اکاؤنٹ ٹائپ: PKR
برانچ کوڈ: 1739 سوئفٹ کوڈ: UNILPKKA
آئی بی این: PK65UNIL0109000200126818
بینک: یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ F-8 مرکز برانچ، اسلام آباد
آن لائن عطیات: www.alhudapk.com/donate

# ابلاغِ دین


## الہدیٰ ای لرننگ ایپ (E-LEARNING APP)

الہدیٰ نے ایک نئی ایپ (App) متعارف کروائی ہے جس کے ذریعے قرآن وسنت کی تعلیم گھر بیٹھے، ایک استاد کی زیرِ نگرانی حاصل کی جا سکتی ہے۔ اس سہولت سے بہت سے لوگ استفادہ کر رہے ہیں۔ اس ایپ کی مندرجہ ذیل خصوصیات ہیں:




- طالب علم کی حاضری لگانے اور پوائنٹس کی گنتی کا اہتمام
- گروپ انچارج کے ساتھ رابطہ
- اسباق کی آڈیوز ڈاؤن لوڈ کرنے کی سہولت
- کسی بھی وقت اور مقام سے استفادہ کی سہولت

## الہدیٰ کی نئی مطبوعات




## اناللہ وانا الیہ راجعون

الہدیٰ مردان برانچ انچارج فاطمہ طورو کی والدہ محترمہ اور الہدیٰ کی دیرینہ ساتھی نجمہ طورو صاحبہ اور ہماری طالبات سیدہ بیگم (الہدیٰ برانچ چکوال)، عائشہ طاہر (الہدیٰ کانو) اور میمونہ (االہدیٰ UK) رضائے الٰہی سے وفات پا گئیں۔ الہدیٰ کا تمام سٹاف اور طالبات ان کے انتقال پر تعزیت کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہماری ان چاروں بہنوں کی مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام دے اور لواحقین کو صبر عطا کرے۔ آمین

ایڈیٹوریل ٹیم
سرپرست اعلیٰ ڈاکٹر فرحت ہاشمی مینیجنگ ایڈیٹر ڈاکٹر فردوس روحی
ایڈیٹر طاہرہ خان ایسوسی ایٹ ایڈیٹر مریم افضل شفق رانی
ڈیزائنر اینڈ کمپوزر سدرہ زاہد

الہدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن
7 - اے کے بروہی روڈ H-11/4 اسلام آباد پاکستان
فون: 9-4866125 51 92+ | ای میل: info@alhudapk.com
www.farhathashmi.com | www.alhudapk.com